آداب تلنگانہ
26 فروری 2022ء

# یکجہتی کے فروغ میں صوفیاء کے رول پر مانو میں دھن راج گیر یادگاری لیکچر

حیدرآباد، 25 فروری (پریس نوٹ) شعبہ فارسی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راجگیر سے موسوم دوسرے یادگاری خطبے کا 16 مارچ 2022 کو 12:00 بجے دن آئی ایم سی اسٹوڈیو میں اہتمام کیا جا رہا ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبہ فارسی کے بموجب ممتاز اسکالر پروفیسر ایس ایم عزیز الدین حسین، سابق ڈائرکٹر رضا لائبریری، رامپور اور سابق ڈین ہیومنٹیز و سابق صدر شعبہ تاریخ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی ''علوم و باہمی یکجہتی کے فروغ میں صوفیائے دکن کا حصہ: فارسی ماخذ کے حوالے سے'' کے زیر عنوان میموریل لیکچر پیش کریں گے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ راجہ دھن راجگیر کی صاحبزادی راجکماری اندرا دیوی دھن راجگیر، سفیرِ ثقافتِ دکن مہمان خصوصی ہوں گی۔ پروفیسر شیخ عقیل احمد، ڈائرکٹر، این سی پی یو ایل اور پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار، مانو مہمانانِ اعزازی ہوں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات لیکچر کی کنوینر اور ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر کو آرڈینیٹر ہیں۔ لیکچر آئی ایم سی کے یو ٹیوب چینل www.youtube.com/imcmanuu پر راست ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔

صحافی دکن
Sahafi-e-Deccan Daily Hyderabad
28/فروری 2022

# مانو میں اردو صحافت کے 200 سال پر جشن ''کاروانِ اُردو صحافت'' کا اہتمام

حیدرآباد، ۲۷ فروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت 'اردو صحافت' کے 200 سال پورے ہونے کا جشن منانے جا رہا ہے۔ 'کاروانِ اردو صحافت' کے عنوان کے تحت سال بھر جاری رہنے والی اس جشن کا آغاز 'لوگو ڈیزائننگ' کے مقابلے سے ہوگا۔ اردو صحافت کے 200 سال ایک ایسے وقت پورے ہو رہے ہیں جب اردو یونیورسٹی اپنی سلور جوبلی منا رہی ہے۔ شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت کے ڈین پروفیسر احتشام احمد خان نے کہا کہ یہ ہری ہر دت تھے جنہوں نے مارچ 1822 میں اردو زبان کا پہلا اخبار 'جام جہاں نما' کلکتہ سے شائع کیا۔ یعنی اس سال مارچ 2022 میں اردو صحافت کے 200 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ ہم اس جشن کے ذریعے اردو صحافت کے فروغ کے لئے کام کرنے اور اس سے محبت کرنے والوں کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بطور شعبہ اردو صحافت کی وراثت کو زندہ جاوید رکھنے کی پہلے سے ہی بھرپور کوشش کی ہے۔ انہوں نے کہا: ''یونیورسٹی کی سلور جوبلی تقریبات کو یادگار بنانے کے لیے اردو صحافت کی دو صد سالہ تقریبات سال بھر جاری رہیں گی۔ تقریبات فروری 2022 میں شروع ہو کر نومبر 2022 میں پایۂ تکمیل کو پہنچیں گی۔''

26 FEB 2022

## رہنمائے دکن

# یکجہتی کے فروغ میں صوفیاء کے رول پر مانو میں

## دھنراج گیر یادگاری لیکچر

حیدرآباد۔25 فروری (پریس نوٹ) شعبۂ فارسی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راجگیر سے موسوم دوسرے یادگاری خطبے کا 16 مارچ 2022 کو 12:00 بجے دن آئی ایم سی اسٹوڈیو میں اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کے بموجب ممتاز اسکالر پروفیسر ایس ایم عزیز الدین حسین، سابق ڈائرکٹر رضا لائبریری، رامپور اور سابق ڈین ہیومنٹیز و سابق صدر شعبہ تاریخ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی ''علوم و باہمی یکجہتی کے فروغ میں صوفیائے دکن کا حصہ: فارسی ماخذ کے حوالے سے'' کے زیر عنوان میموریل لیکچر پیش کریں گے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ راجہ دھن راجگیر کی صاحبزادی راجکماری اندرا دیوی دھن راجگیر، سفیر ثقافت دکن مہمان خصوصی ہوں گی۔ پروفیسر شیخ عقیل احمد، ڈائرکٹر، این سی پی یو ایل اور پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار، مانو مہمانان اعزازی ہوں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات لیکچر کی کنوینر اور ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر کوآرڈینیٹر ہیں۔ لیکچر آئی ایم سی کے یوٹیوب چینل www.youtube.com/imcmanuu پر راست ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔

## سیاست

# اردو یونیورسٹی میں صوفیاء کے رول پر راجہ دھنراج گیر میموریل لیکچر

حیدرآباد/25 فروری، (سیاست نیوز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ فارسی کے زیر اہتمام دکن کی معروف شخصیت راجہ دھنراج گیر میموریل دوسرے لیکچر کا 16 مارچ کو انعقاد ہوگا۔ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے اشتراک سے یہ لیکچر منعقد ہوگا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی صدر شعبہ فارسی کے بموجب ممتاز اسکالر پروفیسر ایس ایم عزیز الدین حسین سابق ڈائرکٹر رضا لائبریری رامپور اور صدر شعبہ تاریخ جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی بعنوان 'علوم اور باہمی یکجہتی کے فروغ میں صوفیائے دکن کے رول، فارسی ماخذ کے حوالہ سے' پر میموریل لیکچر دیں گے۔ پروفیسر سید عین الحسن وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ راجہ دھنراج گیر کی صاحبزادی راجکماری اندرا دیوی دھنراج گیر مہمان خصوصی ہوں گی۔ ر

کووڈ۔ بوسٹر خوراک دینے کا سلسلہ

## Sakshi

# 16న 'మనూ'లో స్మారకోపన్యాసం

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం లోని పర్షియన్ విభాగం, న్యూఢిల్లీలోని నేషనల్ కౌన్సిల్ ఫర్ ప్రమోషన్ ఆఫ్ ఉర్దూ లాంగ్వేజ్(ఎన్‌సీపీయూఎల్) సంయుక్త ఆధ్వర్యంలో ప్రత్యేక ఉపన్యాస కార్యక్రమాన్ని నిర్వహించేందుకు ఏర్పాట్లు చేశారు. మార్చి 16న మధ్యాహ్నం 12 గంటలకు 2వ ధనరాజ్‌గిర్ మెమోరియల్ లెక్చర్‌ను నిర్వహిస్తామని అధికారులు తెలిపారు. ఈ కార్యక్రమంలో న్యూఢిల్లీలోని జామియా మీలియా ఇస్లామియా హిస్టరీ విభాగం హెడ్ ప్రొఫెసర్ ఎస్ఎం అజీజుద్దీన్ హుస్సేన్ ఉపన్యాసం చేస్తారు.

Telangana Today

**MANUU, NCPUL to organise 2nd Raja Dhanrajgir Memorial Lecture on Mar 16**
By Telangana Today Published: Published Date - 08:08 PM, Fri - 25 February 22



**Hyderabad:** The Department of Persian, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) in collaboration with National Council for Promotion of Urdu Language (NCPUL), New Delhi, is organizing 2nd Raja Dhanrajgir Memorial lecture on March 16.

Prof. SM Azizuddin Husain, former Director, Raza Library, Rampur & Former Dean, Faculty of Humanities and Head, Department of History, Jamia Millia Islamia, New Delhi, will deliver lecture on 'The Contribution of Sufis of Deccan for the Promotion of Learning and Communal Harmony; with special reference to Persian Resources'.

Rajkumari Indra Devi Dhanrajgir, Ambassador of Deccani Culture will be the chief guest. MANUU Vice Chancellor, Prof. Syed Ainul Hasan, NCPUL Director, Prof. Sheikh Aquil Ahmed and MANUU Registrar, Prof. SK Ishtiaque Ahmed will also take part in the lecture.